ملفوظات
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنزالایمان۔ فتاویٰ رضویہ۔ احکام شریعت۔ حدائق بخشش۔ الامن والعلیٰ۔
شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

ناشران

بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم

فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977
ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب .... ملفوظات

مصنف .... مولانا احمد رضا خان بریلویؒ

سرورق .... امر شاہد

مطبع .... فرینڈز پرنٹرز، جہلم

ہدیہ .... [illegible]/- روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم و عرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم واَدب، اُردو بازار لاہور

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

مَالِیْ اَرٰی فِیْ یَدِکَ حِلْیَۃَ الْاَصْنَامِ۔

کیا ہوا کہ تمہارے ہی ہاتھ میں بتوں کا زیور دیکھتا ہوں۔ انھوں نے اتار کر پھینک دی۔

دوسرے دن لوہے کی انگوٹھی پہن کر حاضر ہوئے، ارشاد فرمایا مَالِیْ اَرٰی فِیْ یَدِکَ حِلْیَۃَ اَھْلِ النَّارِ کیا ہوا کہ تمہارے ہاتھ میں دوزخیوں کا زیور دیکھتا ہوں۔ انہوں نے اتار کر پھینک دی اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) کس چیز کی انگوٹھی بناؤں، ارشاد فرمایا اِتَّخِذْہُ مِنَ الْوَرِقِ وَ لَا تُتِمَّہٗ مِثْقَالاً چاندی کی بناؤ اور ایک مثقال (یعنی ساڑھے چار ماشہ) پوری نہ کرو۔

عرض: ٹوپی یا کپڑے وغیرہ میں ف سچا کام ہو تو کیا حکم ہے۔

ارشاد: اگر چار انگل تک ہے تو حرج نہیں اور اگر چند بوٹیاں اور ہر ایک چار نگل سے زیادہ نہیں اور دور سے دیکھنے میں فصل معلوم ہوتا ہو جب بھی کوئی حرج نہیں اگرچہ جمع کرنے سے چار انگل سے زیادہ ہو جائیں ہاں اگر بوٹی چار انگل سے زیادہ ہے۔ یا مغرق ہے کہ دور سے فصل نہ معلوم ہوتا ہو تو ناجائز۔

عرض: انگوٹھی کون سی انگلی میں پہننا چاہیے۔

ارشاد: بائیں ہاتھ میں بھی آیا ہے اور داہنے میں بھی لیکن بہتر یہ ہے کہ داہنے ہاتھ کا بنصر (وہ انگلی جو چھنگیا کے پاس ہے) میں پہنے۔

عرض: اپنا نام انگوٹھی میں کندہ ہو تو بیت الخلاء میں جا سکتا ہے یا نہیں۔

ارشاد: نام اگر زیادہ معظم نہ ہو جب بھی حرفوں کی تعظیم تو چاہیے اور اگر متبرک نام ہو تو پہن کر جانا ناجائز ہے ہاں جیب میں رکھ لے تو حرج نہیں۔

عرض: نگینہ پر کلمہ طیبہ کندہ کیسا ہے۔

ارشاد: تبرکاً جائز ہے اور مہر کی حیثیت سے حرام۔

عرض: اللہ صاحب کہنا کیسا ہے۔

ف: سچا کام چار انگل ہو یا متفرق ہو کہ دور سے دیکھنے سے ایک سا معلوم نہ ہو تو اگرچہ چار انگل سے زائد ہو جائز ہے۔

ارشاد: جائز ہے حدیث میں ہے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَ الْخَلِیْفَۃُ فِی الْمَالِ وَ الْاَھْلِ وَ الْوَلَدِ اور سرکار رسالت ﷺ کے لئے تو قرآن عظیم میں صاحب فرمایا گیا ہے مَا ضَلَّ صَاحِبُکُمْ وَ مَاغَوٰی ہ وَمَاصَاحِبُکُمْ بِمَجْنُوْنٍ لیکن اللہ صاحب کہنا اسماعیل دہلوی کا محاورہ ہے اور حضور اقدس ﷺ یقیناً ہمارے صاحب ہیں مگر نام پاک کے ساتھ صاحب کہنا آریہ و پادریوں کا محاورہ ہے اس لئے نہ چاہئے (پھر فرمایا) آریہ، پادری، وہابیہ سب ایک سے ہیں۔

ف: مخمل کا مرد کے لئے حکم

عرض: مخمل مردوں کے لئے جائز ہے یا نہیں

ارشاد: اگر اس پر ریشم کا رواں بچھا ہوا ہے تو ناجائز ہے ورنہ نہیں۔

عرض: حضور ریشم کا بھی یہی حکم ہے کہ چار انگل سے زیادہ ناجائز۔

ارشاد: ہاں اگر تبع مستقل ہو تو چار انگل تک جائز ہے، مثلاً ٹوپی کی گوٹ جائز ہے لیکن رامپور جیسی ٹوپی کہ بعض چار انگل کی بھی نہیں ہوتی اگر ریشم کی ہو تو ناجائز ہے کہ وہ خود مستقل ہیں تبع مستقل نہیں ایسے ہی تعویذ کہ بعض ایک انگل کے بھی نہیں ہوتے ہیں، لیکن چونکہ مستقل ہیں اس لئے اگر ریشم کے ہوں تو ناجائز۔

ف: تانبے پیتل کے تعویذ کا حکم۔

عرض: تانبے پیتل کے تعویذوں کا کیا حکم ہے۔

ارشاد: مرد و عورت دونوں کو مکروہ اور سونے چاندی کے مرد کو حرام عورت کو جائز۔

ف: سونے چاندی کی گھڑی کا حکم یونہی عورت کے لئے آرسی میں منہ دیکھنے کا

عرض: چاندی اور سونے کی گھڑی رکھ سکتا ہے یا نہیں۔

ارشاد: رکھ سکتا ہے البتہ اس میں وقت نہیں دیکھ سکتا کہ حرام ہے۔ اسی طرح آرسی پہنے میں عورت کے لئے کوئی حرج نہیں اور اس میں منہ دیکھنا حرام (پھر فرمایا) چاندی سونا صرف پہننا عورت کے لئے حلال ہے، باقی طریق استعمال اس کے لئے بھی حرام ہیں ہاں کھانا دونوں کے لئے جائز

ف: ریشم بھی چار انگل ہو اور تابع ہو تو جائز ہے